اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور

اعلامیہ

اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے ایک اعلان کے مطابق ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام سالانہ سسٹم سائنس/آرٹس (سابقہ بی اے/بی ایس سی) کے پہلے سالانہ امتحان 2021ء کے نتائج کا اعلان کیا جا چکا ہے۔ اس امتحان میں فیل شدہ امیدوار مندرجہ ذیل شیڈول کے مطابق امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں۔

امتحانی شیڈول

تاریخ انعقاد: 15 جنوری 2022ء بروز ہفتہ

نوٹ: سپلیمنٹری 2021ء کے امتحان میں صرف ایسے امیدوار ہی شامل ہو سکیں گے جو یونیورسٹی ہذا سے پہلے سے رجسٹر شدہ ہیں اور بطور امپروور/ایڈیشنل/کمپوزٹ/فیل شدہ (جن کی سابقہ امتحان میں سپلی آئی ہو) امیدوار کے طور پر امتحان میں شامل ہونے کے خواہشمند ہوں۔

داخلہ فیس برائے پرائیویٹ و بیرونی/کالجوں کے سابقہ امیدواران

۱۔	بغیر لیٹ فیس کے داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	10 دسمبر 2021ء (بروز جمعہ)
۲۔	لیٹ فیس کے داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	15 دسمبر 2021ء (بروز بدھ)
۳۔	دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	22 دسمبر 2021ء (بروز بدھ)
۴۔	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	=	05 جنوری 2022ء (بروز بدھ)

۵۔ **سنگل فیس کے ساتھ ایک تا تین مضامین کیلئے داخلہ فیس برائے امتحان**

(i)	بغیر پریکٹیکل مضامین	=	-/4000 روپے
(ii)	بمعہ پریکٹیکل مضامین	=	-/5000 روپے

۶۔ **سنگل فیس کے ساتھ تین سے زائد مضامین کے لئے داخلہ فیس برائے امتحان**

(i)	بغیر پریکٹیکل مضامین	=	-/6000 روپے
(ii)	بمعہ پریکٹیکل مضامین	=	-/7000 روپے

۷۔ لیٹ فیس = -/2000 روپے

داخلہ فیس اور فارم تمام ضروری دستاویزات (رجسٹریشن کارڈ، انٹرمیڈیٹ کی سند، شناختی کارڈ) کی مصدقہ فوٹو کاپی کے ساتھ مقررہ تاریخ تک امیدوار خود/بذریعہ ڈاک دفتر ہذا میں جمع کروائیں تاکہ فارم میں کسی قسم کی غلطی کی صورت میں درستی کرائی جا سکے۔ نامکمل داخلہ فارم

(جاری ہے)

Scanned with CamScanner

اور مقررہ تاریخ کے بعد آنے والے داخلہ فارم قبول نہیں کئے جائیں گے اور اس امر کے لئے یونیورسٹی ذمہ دار نہ ہوگی۔

مورخہ 05 جنوری، 2022ء (بروز بدھ) کے بعد داخلہ فارم قطعاً وصول نہیں کئے جائیں گے۔ اور یونیورسٹی ایسے داخلہ فارم کے متعلق کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گی۔ داخلہ فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.iub.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔ کالج کے سابقہ طلباء وطالبات کو اپنے داخلہ فارم متعلقہ کالج کے پرنسپل سے تصدیق کرانا ہونگے۔

پرائیوٹ و بیرونی مرد و خواتین امیدوار اپنے داخلہ فارم مطلوبہ دستاویزات اور فوٹو یونیورسٹی ہذا کے بہاولپور ڈویژن کے کالجز کے پروفیسروں / ہائر سیکنڈری سکول کے سبجیکٹ سپشلسٹ جو کہ گریڈ 17 یا اس کے اوپر درجہ کے ہیں، جن کے نمونہ / دستخط شعبہ ہذا میں موجود ہیں سے تصدیق کروانا ہوں گے۔ اگر کسی امیدوار کا داخلہ فارم / تصاویر ان مقرر کردہ پروفیسروں / اساتذہ کے علاوہ کسی اور سے تصدیق شدہ موصول ہوئے تو ان کے داخلہ فارم قبول نہیں کئے جائیں گے۔ اور ان کو امتحان میں شمولیت کی اجازت نہ ہوگی۔

بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان اضلاع کے رہائشی مرد اور خواتین اپنے ہی ضلع کی حدود میں قائم کئے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینے کے پابند ہونگے۔ بہاولپور ڈویژن کے باہر کے رہائشی مرد و خواتین امیدواروں کو بہاولپور شہر میں قائم کئے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینا ہوگا۔

بہاولپور ڈویژن میں ضلع / تحصیل / سب تحصیل کی سطح پر حبیب بینک لمیٹڈ کی نامزد برانچوں کے علاوہ ملک کے دیگر شہروں سے داخلہ بھیجنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ فیس کی ادائیگی بذریعہ چیک / ڈرافٹ / پے آرڈر اور منی آرڈر قابل قبول نہ ہوگی۔

تمام مرد و خواتین کو جو مذکورہ امتحان میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے داخلہ فارم کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور انٹرمیڈیٹ کی سند / پاس رزلٹ کارڈ کی مصدقہ کاپی مہیا کریں تا کہ ان کے امتحان میں شریک ہونے کی اہلیت کا فیصلہ کیا جا سکے اور ان کو رول نمبر بروقت ارسال کئے جا سکیں۔ اس امتحان میں شامل ہونے والے اپنے سابقہ امتحان میں شمولیت کا رول نمبر اور سال جس میں انہوں نے امتحان دیا ہو ضرور لکھیں۔ آخر میں اس امر کی اطلاع کی جاتی ہے کہ داخلہ فارم کے ساتھ فوٹو جمع نہ کرانے اور فارم پر موجود تمام کالم پُر نہ کرنے کی صورت میں امیدواروں کے داخلہ فارم کسی صورت میں قابل قبول نہ ہونگے۔ امیدواروں کو داخلہ فارم کے ساتھ رجسٹریشن کارڈ کی مصدقہ نقل منسلک کرنا ہوگی۔

نوٹ:۔ سپلیمنٹری امتحان 2021ء میں تمام مضامین کے ساتھ شامل ہونے والے (رجسٹرڈ) امیدواران کا آخری چانس سالانہ امتحان 2023ء ہوگا۔

اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات

برائے کنٹرولر امتحانات

بہاولپور

مورخہ: 02 دسمبر 2021ء

Scanned with CamScanner